روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 6فروری 2009ء 10صفر 1430ہجری 6تبلیغ 1388ہش جلد 59-94 نمبر 29

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

پہلا مقصد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا عرب کی اصلاح تھی۔اور عرب کا ملک اس زمانہ میں ایسی حالت میں تھا کہ بمشکل کہہ سکتے ہیں کہ وہ انسان تھے۔کونسی بدی تھی جو ان میں نہ تھی۔اور کونسا شرک تھا جو ان میں رائج نہ تھا۔چوری کرنا ڈاکہ مارنا ان کا کام تھا۔اور ناحق کا خون کرنا ان کے نزدیک ایک ایسا معمولی کام تھا جیسا کہ ایک چیونٹی کو پیروں کے نیچے کچل دیا جائے۔بچوں کو قتل کر کے ان کا مال کھا لیتے تھے۔لڑکیوں کو زندہ بگور کرتے تھے۔زناکاری کے ساتھ فخر کرتے اور علانیہ اپنے قصیدوں میں ان گندی باتوں کا ذکر کرتے تھے۔شراب خواری اس قوم میں اس کثرت سے تھی۔کہ کوئی گھر بھی شراب سے خالی نہ تھا۔اور قمار بازی میں سب ملکوں سے آگے بڑھے ہوئے تھے۔حیوانوں کی عار تھی اور سانپوں اور بھیڑیوں کی ننگ۔

پھر جب ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کی اصلاح کے لئے کھڑے ہوئے اور اپنی باطنی توجہ سے ان کے دلوں کو صاف کرنا چاہا۔ تو ان میں تھوڑے ہی دنوں میں ایسی تبدیلی پیدا ہوگئی۔کہ وہ وحشیانہ حالت سے انسان بنے۔اور پھر انسان سے مہذب انسان۔ اور مہذب انسان سے باخدا انسان۔اور آخر خدا تعالیٰ کی محبت میں ایسے محو ہو گئے۔کہ انہوں نے ایک بے حس عضو کی طرح ہر ایک دکھ کو برداشت کیا۔وہ انواع اقسام کی تکالیف سے عذاب دئے گئے۔اور سخت بے دردی سے تازیانوں سے مارے گئے۔ اور جلتی ہوئی ریت میں لٹائے گئے۔اور قید کئے گئے۔اور بھوکے پیاسے رکھ کر ہلاکت تک پہنچائے گئے۔مگر انہوں نے ہر ایک مصیبت کے وقت آگے قدم رکھا۔اور بہتیرے ان میں ایسے تھے کہ ان کے سامنے ان کے بچے قتل کئے گئے اور بہتیرے ایسے تھے کہ بچوں کے سامنے وہ سولی دیئے گئے۔اور جس صدق سے انہوں نے خدا کی راہ میں جانیں دیں۔اس کا تصور کر کے رونا آتا ہے۔اگر ان کے دلوں پر یہ خدا کا تصرف اور اس کے نبی کی توجہ کا اثر نہ تھا۔تو پھر وہ کیا چیز تھی جس نے ان کو اسلام کی طرف کھینچ لیا۔اور ایک فوق العادت تبدیلی پیدا کر کے ان کو ایسے شخص کے آستانہ پر گرنے کی رغبت دی کہ جو بیکس اور مسکین اور بے زری کی حالت میں مکہ کی گلیوں میں اکیلا اور تنہا پھرتا تھا۔آخر کوئی روحانی طاقت تھی جو ان کو سفلی مقام سے اٹھا کر اوپر کو لے گئی۔اور عجیب تر بات یہ ہے کہ اکثر ان کے ان کی کفر کی حالت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جانی دشمن اور آنجناب کے خون کے پیاسے تھے۔پس میں تو اس سے بڑھ کر کوئی معجزہ نہیں سمجھتا۔کہ کیونکر ایک غریب مفلس تنہا بیکس نے ان کے دلوں کو ہر یک کینہ سے پاک کر کے اپنی طرف کھینچ لیا۔یہاں تک کہ وہ فخریہ لباس پھینک کر اور ٹاٹ پہن کر خدمت میں حاضر ہوگئے۔

(پیغام صلح۔ روحانی خزائن جلد 23ص 463)

مکمل کتاب

باس ورتھ اسمتھ کتاب محمد اینڈ محمڈن ازم میں رسول اللہؐ کے متعلق لکھتے ہیں۔

اس میں شک نہیں کہ ان کی شخصیت کے بہت سے پرت ہیں اور ان میں سے ہر ایک تک ہماری رسائی ممکن نہیں ہے تاہم محمد (ﷺ) کی زندگی کے متعلق ہم ہر چیز جانتے ہیں۔ان کی جوانی، ان کی اُٹھان، ان کے تعلقات، ان کی عادتیں، ابتدائی حالات اور پہلی وحی کے نازل ہونے تک کا لمحہ ذہنی سفر اور ارتقاء وغیرہ۔ نیز ان کی داخلی، باطنی زندگی کے متعلق بھی، اور یہ بھی کہ جب اعلان نبوت کر چکے تو پھر ہم ایک ایسی مکمل کتاب پاتے ہیں جو اپنی ابتداء اپنی حفاظت اور متن وغیرہ کے کئی پہلوؤں کے لحاظ سے بالکل ممتاز ومنفرد ہے۔اور اب تک ایسی کوئی معقول ومستند وجہ سامنے نہیں آئی جس کی بنیاد پر اس کتاب کے خلاف کوئی شدید اعتراض کیا جاسکے۔

Smith, R.Bosworth, Muhammad and Muhammadansism page 40,41 London....1878 (Second Ed.)

مکرمہ سلیمہ بیگم صاحبہ
والدہ مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی
صاحب وفات پاگئیں

۞ مکرم سیف علی شاہد صاحب امیر ضلع میر پور خاص لکھتے ہیں۔

افسوس کے ساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ مکرمہ سلیمہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب سابق امیر ضلع میر پور خاص مورخہ 2فروری 2009ء کو وفات پاگئی ہیں۔

مکرمہ سلیمہ بیگم صاحبہ حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود ومعالج خصوصی حضرت مصلح موعود کی دوسری صاحبزادی تھیں۔آپ 30مارچ 1921ء کو قادیان میں پیدا ہوئیں۔بچپن سے ہی آپ کو دینی علم سیکھنے کا شوق تھا۔سکول میں تمام درجوں میں نمایاں کامیابی حاصل کرتی رہیں۔مڈل کا امتحان پاس کرنے کے بعد آپ نے حضرت مصلح موعود کی جاری فرمودہ دینیات کلاسز کے کورس میں فرسٹ پوزیشن حاصل کی اور حضرت مصلح موعود سے گولڈ میڈل لیا۔1941ء میں میٹرک کے امتحان میں پنجاب یونیورسٹی کی طالبات میں فرسٹ پوزیشن حاصل کی اور آپ نے ایف اے اور بی اے اسلامیہ کالج لاہور سے پاس کیا۔آپ کو پنجاب یونیورسٹی کی مزید تعلیم حاصل کرنے کے لئے وظیفہ اور گولڈ میڈل بھی دیا گیا۔آپ نے اورئینٹل کالج پنجاب یونیورسٹی لاہور سے ایم اے عربی پاس کیا۔

نومبر 1950ء میں آپ کی شادی مکرم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب آف میر پور خاص سے ہوئی۔آپ اپنے خاوند کی ہر طرح سے ممد و مددگار ثابت ہوئیں۔آپ نے ان کے جماعتی اور طبی کاموں میں بلکہ ان کی صحت اور بیماری میں بھی ان کا بہت خیال رکھا۔اپنے خاوند کی آخری بیماری میں تقریباً تین سال ان کی خدمت کی۔

(باقی صفحہ 11پر)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 519

دائمی نجات کا سچا فلسفہ

''ایک دفعہ حضرت اقدس مسیح موعود بیت مبارک میں بیٹھے ہوئے تھے ایک شخص نے سوال کیا کہ جبکہ اعمال محدود ہیں تو نجات ابدی کیونکر ہے؟ فرمایا کہ موت بندہ کے اپنے اختیار کی چیز نہیں ہے اگر وہ ہمیشہ زندہ رہتا تو اعمال کرتا رہتا لیکن خدا نے اس کو موت دے دی۔ یہ اختیار سے باہر ہے لہٰذا نجات ابدی ہے۔'' (سیرت المہدی جلد دوم صفحہ 253)

قادیان میں عربی بول چال کا رواج

حضرت میاں خیرالدین صاحب سیکھوانی کا تحریری بیان ہے:

''حضور کو اس طرف توجہ تھی کہ جماعت میں عربی بول چال کا رواج ہو۔ چنانچہ ابتدا میں ہم لوگوں کو عربی فقرات لکھ کر دیئے گئے تھے جو خاص حد تک یاد کئے گئے تھے بلکہ اپنے چھوٹے بچوں کو بھی یاد کراتے تھے۔ میرا لڑکا (مولوی قمر الدین فاضل) اس وقت چار یا پانچ سال کا تھا جب میں اسے کہتا۔ ''ابریق'' تو فوراً لوٹا پکڑ لاتا۔ (قمر الدین کی پیدائش بفضل خدا مئی 1900ء کی ہے) (سیرت المہدی جلد دوم صفحہ 224)

''میں بھی تیرا بیٹا ہوں''

والدہ محترمہ نذیر صاحب آف فیض اللہ چک کا بیان ہے کہ

''مائی تابی میری خالہ کا ایک ہی بیٹا تھا جو فوت ہو گیا۔ وہ غم سے پاگل ہوگئی اور سارا دن بیٹے کی قبر پر پڑی رہتی تھی۔ لوگوں نے کہا کہ اس کو حضرت مسیح موعود کے پاس بھیج دو۔ لوگ اس کو یہاں لے آئے۔ وہ نیچے رہا کرتی تھی۔ نیچے دالان میں گھڑے پڑے رہتے تھے وہ ان میں اپنا کرتہ ڈبو دیتی تھی۔ حضور نے فرمایا کہ ''یہ گھڑے اس کے واسطے ہی رہنے دو اور گھر کی ضرورت کے واسطے اور رکھ لو۔'' جب وہ رونا شروع کرتی تو حضور خود اس سے پوچھتے کہ ''کیوں روتی ہے؟'' وہ کہتی کہ مجھے میرا بیٹا یاد آتا ہے۔ تو حضور فرماتے کہ ''میں بھی تیرا بیٹا ہوں'' آخر وہ اچھی ہوگئی۔''

(سیرت المہدی جلد دوم صفحہ 225)

رات بھر کی گالیوں پر مامور زمانہ کا انعام

حضرت مولوی عبدالرحمٰن صاحب جٹ مولوی فاضل ہیڈ ماسٹر مدرسہ احمدیہ و امیر جماعت احمدیہ قادیان نے اپنی خوشدامن صاحبہ بیوہ حضرت حافظ حامد علی صاحب خادم خاص حضرت مسیح موعود کی یہ روایت حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کی خدمت میں سنائی کہ

''بعض دفعہ مرزا نظام الدین کی طرف سے کوئی رذیل آدمی اس بات پر مقرر کر دیا جاتا تھا کہ وہ حضرت مسیح موعود کو گالیاں دے۔ چنانچہ بعض دفعہ ایسا آدمی ساری رات گالیاں نکالتا رہتا تھا۔ آخر جب سحری کا وقت ہوتا تو حضرت جی دادی صاحبہ کو کہتے کہ اب اس کو کھانے کو کچھ دو۔ یہ تھک گیا ہوگا۔ اس کا گلا خشک ہو گیا ہوگا۔ میں حضرت جی کو کہتی کہ ایسے کم بخت کو کچھ نہیں دینا چاہئے۔ تو آپ فرماتے۔ ہم اگر کوئی بدی کریں گے تو خدا دیکھتا ہے۔ ہماری طرف سے کوئی بات نہیں ہونی چاہئے۔''

(سیرت المہدی جلد 2 صفحہ 102-103)

امام موعود کی ''ضیافت'' دلّی والوں کی طرف سے

چشمدید شہادت حضرت منشی ظفر احمد صاحب کپورتھلوی

دہلی سے حضرت مسیح موعود نے ایک خط بھیجا۔ لفافہ پر محمد خان صاحب، منشی اروڑا صاحب اور خاکسار تینوں کا نام تھا۔ خط میں یہ لکھا ہوا تھا۔ کہ یہاں کے لوگ اینٹ پتھر بہت پھینکتے ہیں اور اعلانیہ گالیاں دیتے ہیں۔ میں بعض دوستوں کو اس ثواب میں شامل کرنا چاہتا ہوں۔ اس لئے تینوں صاحب فوراً آ جائیں۔ ہم تینوں کچہری سے اٹھ کر چلے گئے۔ گھر بھی نہیں آئے۔ کرتار پور جب پہنچے تو محمد خان اور منشی اروڑا صاحب نے مجھے ٹکٹ لانے کے لئے کہا۔ میرے پاس کچھ نہیں تھا۔ مجھے یہ خیال ہوا کہ اپنے کرایہ کے لئے بھی ان سے لے لوں انہوں نے اپنے ٹکٹوں کا کرایہ مجھے دے دیا تھا۔ میں نے ان دونوں کے ٹکٹ لے لئے اور گاڑی آ گئی۔ چوہدری رستم علی خان صاحب مرحوم گاڑی میں کھڑے ہوئے آواز دے رہے تھے کہ ایک ٹکٹ نہ لینا میرے ساتھ سوار ہو جانا۔ میں چوہدری صاحب مرحوم کے ساتھ بیٹھ گیا اور ہم دہلی پہنچ گئے۔ دہلی میں حضرت صاحب نے ایک بڑا دومنزلہ مکان کرایہ پر لیا ہوا تھا۔ اوپر زنانہ تھا اور نیچے مردانہ رہائش تھی۔ واقعہ میں روز صبح و شام لوگ گالی گلوچ کرتے تھے اور ہجوم اینٹ پتھر پھینکتا تھا۔ انسپکٹر پولیس جو احمدی تو نہ تھا۔ لیکن احمدیوں کی امداد کرتا تھا اور ہجوم کو ہٹا دیتا تھا۔ ایک دن مرزا حیرت آیا۔ میں اس وقت کہیں گیا ہوا تھا۔ اس نے آ کر حضرت صاحب کو بلوایا اور کہا کہ میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس ہوں اور مجھے ہدایت ہوئی ہے کہ میں آپ سے دریافت کروں کہ آپ کس غرض کے لئے آئے ہیں اور کس قدر عرصہ ٹھہریں گے اور اگر کوئی فساد ہوا تو اس کا ذمہ وار کون ہو گا۔ آپ مجھے اپنا بیان لکھا دیں۔ اسی اثناء میں میں آ گیا۔ میں اس کو جانتا تھا۔ حضرت مسیح موعود بیان لکھا رہے تھے اور میں یہ دیکھ کر زینے سے نیچے اتر آیا۔ اس نے مجھے دیکھ لیا اور اتر کر بھاگ گیا۔ میں دراصل پولیس میں اطلاع دینے کے لئے اترا تھا اس کو اترتے ہوئے دیکھ کر ایک عورت نے جو اوپر تھی اسے برا بھلا کہا۔

(سیرت المہدی جلد 2 ص 103)

ملک منیر احمد صاحب قائد عمومی مجلس انصاراللہ جاپان

تیسرا سالانہ اجتماع مجلس انصاراللہ جاپان

خدا تعالیٰ کے فضل سے مجلس انصاراللہ جاپان کو اپنا تیسرا سالانہ اجتماع منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

یہ جاپان کے سب سے اُونچے پہاڑ ماؤنٹ فیوجی (Fuji) کے بالکل قریب منعقد کرنے کا موقع ملا۔ انصار، خدام اور اطفال کا اجتماع اکٹھا منعقد ہوا۔ ایک ماہ قبل مکرم مبشر احمد زاہد صاحب صدر انصار اللہ جاپان نے عاملہ کے اجلاس میں اس اجتماع کے انعقاد کے لئے ایک انتظامی ٹیم ترتیب دی تھی۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے مجلس ناگویا کے انصار بروز جمعہ مقام اجتماع پر پہنچ گئے۔ ٹوکیو سے انصار بروز ہفتہ علی الصبح مقام اجتماع پر پہنچے۔ مجلس انصار اللہ نے جمعۃ المبارک کی شام حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ سننے کیلئے نہایت عمدہ انتظام کیا ہوا تھا۔

15 نومبر

15 نومبر بروز ہفتہ دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ فیوجی پہاڑ کے دامن میں حضرت مسیح موعود کے چند پروانے خدا تعالیٰ کے آگے سجدہ ریز اپنی مجالس کی ترقی اور اپنے پیارے آقا کی صحت و سلامتی اور فعال زندگی کیلئے دعائیں کر رہے تھے اور یہ منظر قابل دید تھا۔

صبح 8 بجے سب لوگ ناشتہ کے لئے جمع ہوئے۔ تو خدا تعالیٰ کے فضل سے مقام اجتماع کی جاپانی انتظامیہ نے ہمیں بتایا کہ جتنے دن آپ ہمارے پاس قیام کریں گے ہم یہاں پر قیام پذیر دوسری جاپانی تنظیموں کو بھی Pork نہیں دیں گے۔ اُن کا یہ فیصلہ اس سال پہلی بار دیکھا گیا۔ انہوں نے ہمارے لئے چائے بھی خود تیار کر کے دی جو بہت ہی مزے دار تھی۔

تینوں مجالس کے اجتماع کی افتتاحی تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ اس کے بعد تینوں مجالس یعنی خدام، اطفال اور انصار کے عہد دہرائے گئے۔ اس کے بعد مکرم محمد یوسف ڈار صاحب نیشنل صدر جاپان نے افتتاحی تقریر کی۔ آخر میں آپ نے دعا کروائی اور اس طرح یہ اجلاس ختم ہوا۔

اس کے بعد مجلس انصار اللہ کے علمی مقابلہ جات کا سیشن شروع ہوا جس میں نداء، تلاوت، نظم اور تقریر کے مقابلہ جات ہوئے۔

پھر ایک دلچسپ مقابلہ فی البدیہہ تقریر کا بھی ہوا۔

اس سیشن کے بعد کھانے اور نمازوں کیلئے وقفہ تھا۔

اس کے بعد ورزشی مقابلہ جات ہوئے۔ ایک بہت ہی دلچسپ مقابلہ میوزیکل چیئر اور نشانہ بازی کا تھا جس سے انصار بہت لطف اندوز ہوئے۔ آرم ریسلنگ کے بعد فٹ بال کا ایک نمائشی میچ انصار اور خدام کے درمیان کھیلا گیا جس میں انصار بازی لے گئے۔ اس کے ساتھ ہی 100 میٹر دوڑ کا مقابلہ بھی ہوا۔ ورزشی مقابلہ جات سے فارغ ہو کر سب انصار کھانے کیلئے جمع ہو گئے۔ اور اس کے بعد نماز مغرب اور عشاء پڑھی گئیں۔ اس کے بعد مجلس شوریٰ کا ایک بہت اہم پروگرام ہوا۔

فیوجی پہاڑ کے قریب ہونے کے باعث موسم سرد تھا اور ہوا بھی کچھ ٹھنڈی تھی۔ موسم خزاں کا بہت ہی پیارا منظر تھا۔

16 نومبر

16/نومبر بروز اتوار بھی دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا خدا تعالیٰ کے فضل سے تمام انصار، خدام، اطفال نے باجماعت نماز تہجد ادا کی۔

اس کے بعد درس قرآن کریم ہوا۔ صبح سب نے اپنے کمروں کی صفائی کی۔ جاپانی قوم صفائی کے بارے میں کافی سخت ہے۔ 10 بجے ہمارے پروگرام کا وقت شروع ہوا اس اجلاس کی صدارت مکرم مبشر احمد زاہد صاحب صدر مجلس انصار اللہ جاپان نے کی۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم ظہیر احمد صاحب ریحان مربی سلسلہ ٹوکیو نے تقریر کی۔ آپ نے انصار کو نماز تہجد، دعائیں اور زیادہ سے زیادہ عبادات کرنے کے لئے نصائح کیں۔ اس کے بعد مکرم صدر صاحب نے تمام انصار کو اجتماع کے بارے میں اپنے تاثرات بیان کرنے کے لئے سٹیج پر آنے کی دعوت دی۔

اس کے بعد محترم صدر صاحب نے انصار کو نماز، تلاوت قرآن کریم، نماز جمعہ کی ادائیگی اور حضور انور کے خطبات جمعہ سُننے میں باقاعدگی اختیار کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ بعدہ محترم صدر صاحب نے سب کا شکریہ ادا کیا۔

اس کے بعد پرچہ عام دینی معلومات اور مقابلہ پیغام رسانی ہوا۔

ازاں بعد تقسیم انعامات کا پروگرام مجلس خدام الاحمدیہ جاپان اور مجلس انصار اللہ جاپان کے مشترکہ تعاون سے ہوا۔ انعامات مکرم انیس احمد ندیم صاحب مربی انچارج جاپان نے تقسیم کئے اور مختصر خطاب کیا۔ خدا کرے جاپان میں ذیلی تنظیمیں خوب ترقی کریں اور زیادہ سے زیادہ خدمت دین کے لئے آگے آئیں۔ دعا کے ساتھ ہمارا یہ آخری سیشن اختتام پذیر ہوا۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم محمد طارق محمود صاحب

سچی توبہ کی شرائط

دینی تعلیم کے مطابق ہر بچہ فطرت صحیحہ پر پیدا ہوتا ہے۔ لیکن اپنی خلقی کمزوری، لغزش، بری صحبت سے برے ماحول سے متاثر ہو کر وہ اپنے رب کریم سے دور ہو جاتا ہے۔ اس طرح عمداً یا خطاً مختلف قسم کے گناہوں میں ملوث ہو جاتا ہے۔ اب کیا اس کے لئے ان گناہوں سے واپسی کا کوئی راستہ ہے؟ کیا وہ توبہ کر سکتا ہے؟ کیا گناہ کے بعد اس کی بخشش کا سامان ہو سکتا ہے؟

ہمارا دین چونکہ مکمل اور اکمل ہے اور عین فطرت کے مطابق ہے اس لئے اس نے اس اہم مسئلہ پر سیر حاصل روشنی ڈالی ہے اور گنہگاروں کے لئے عام اعلان فرمایا ہے کہ

اے ہمارے رسول لوگوں کو کھول کر بتادے کہ اے خدا کے بندو جنہوں نے اپنی جان پر (گناہ کرکے) ظلم کیا ہے۔ اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔ اللہ سب گناہ بخش دیتا ہے وہ (بے انتہا) بخشنے والا اور (بے حدو حساب) رحم کرنے والا ہے۔ (سورۃ زمر آیت 54)

توبہ کا رمضان المبارک سے گہرا تعلق ہے جب خدا کے بندے اپنے اندر روحانی اور اخلاقی تبدیلی کرکے شب و روز خدا کی یاد میں صرف کرتے ہیں۔ اسی لئے آنحضور ﷺ نے فرمایا جو کوئی صحیح نیت سے ماہ رمضان کے روزے رکھتا ہے اس کے پچھلے تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔

یہ جاننا چاہئے کہ توبہ ایک نہایت ہی اہم مسئلہ ہے۔ جو دین حق کے امتیازی مسائل میں سے ہے اور انسان کی اصلاح، تربیت اور ترقی درجات سے اس کا گہرا تعلق ہے۔ شرط صرف یہ ہے کہ توبہ صحیح ہو، مخلصانہ ہو اور پوری شرائط کے ساتھ ہو۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

کیا ان کو معلوم نہیں کہ اللہ ہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور ان کے صدقات لیتا ہے اور اللہ ہی ہے جو بہت توبہ قبول کرنے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔ (التوبہ: آیت 104)

اس کے علاوہ قرآن کریم میں متعدد جگہوں پر توبہ کا مضمون بیان کیا گیا ہے۔

آنحضور ﷺ فرماتے ہیں کہ اللہ اپنے بندے کی توبہ پر اتنا خوش ہوتا ہے کہ اتنی خوشی اس آدمی کو بھی نہیں ہوگی جسے جنگل بیابان میں اس کا گم شدہ اونٹ اچانک مل جائے۔ (صحیح بخاری)

پھر فرمایا:۔

گناہ سے سچی توبہ کرنے والا ایسا ہے جیسے اس نے کوئی گناہ ہی نہیں کیا۔

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ توبہ کے لئے تین شرائط ہیں۔ بدوں ان کی تکمیل کے سچی توبہ جسے توبۃ النصوح کہتے ہیں۔ حاصل نہیں ہوتی۔ ان ہر سہ شرائط میں سے پہلی شرط جسے عربی زبان میں اقلاع کہتے ہیں۔ یعنی ان خیالات فاسدہ کو دور کر دیا جائے جو ان خصائل ردیہ کے محرک ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ تصورات کا بڑا بھاری اثر پڑتا ہے۔ کیونکہ حیطہ عمل میں آنے سے پیشتر ہر ایک فعل ایک تصوری صورت رکھتا ہے۔

پس توبہ کے لئے پہلی شرط یہ ہے کہ ان خیالات فاسدہ اور تصورات بد کو چھوڑ دے غرض یہ ہے کہ جیسا کوئی تصور کرتا ہے ویسا ہی رنگ چڑھ جاتا ہے۔ پس جو خیالات بدلذات کا موجب سمجھے جاتے تھے۔ ان کا قلع قمع کرے یہ پہلی شرط ہے۔

دوسری شرط ندم ہے یعنی پشیمانی اور ندامت ظاہر کرنا۔ ہر ایک انسان کا کانشس اپنے اندر یہ قوت رکھتا ہے کہ وہ اس کو ہر برائی سے متنبہ کرتا ہے۔ مگر بدبخت انسان اس کو معطل چھوڑ دیتا ہے۔ پس گناہ اور بدی کے ارتکاب پر پشیمانی ظاہر کرے۔ بڑا ہی خوش قسمت ہے وہ انسان جو توبہ کی طرف رجوع کرے اور جس میں اول اقلاع کا خیال پیدا ہو۔ یعنی خیالات فاسدہ اور تصورات بیہودہ کا قلع قمع کرے جب یہ نجاست اور ناپاکی نکل جاوے تو پھر نادم ہو اور اپنے کئے پر پریشان ہو۔

تیسری شرط عزم ہے یعنی آئندہ کے لئے مصمم ارادہ کرلے کہ پھر ان برائیوں کی طرف رجوع نہ کرے گا اور جب وہ مداومت کرے گا۔ تو خدا تعالیٰ اسے سچی توبہ کی توفیق عطا کرے گا یہاں تک کہ وہ سیئات اس سے قطعاً زائل ہو کر اخلاق حسنہ اور افعال حمیدہ اس کی جگہ لے لیں گے اور یہ فتح ہے اخلاق پر۔ اس پر قوت اور طاقت بخشنا اللہ تعالیٰ کا کام ہے کیونکہ تمام طاقتوں اور قوتوں کا مالک وہی ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص 87)

سیدنا حضرت مصلح موعود توبہ کی جزئیات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

توبہ کی پہلی شرط یہ ہے کہ انسان اپنے پہلے گناہوں کو یاد کرکے اور ان کو اپنے سامنے لا کر اس قدر نادم ہو کہ گویا پسینہ پسینہ ہو جائے۔

دوسری شرط یہ ہے کہ پچھلے فرائض جس قدر رہ چکے ہیں۔ ان میں سے جن کو ادا کیا جا سکے ان کو ادا کرنے کی کوشش کرے۔

تیسری شرط یہ ہے کہ پچھلے گناہوں میں سے جن کا ازالہ ممکن ہو ان کا ازالہ کرنے کی کوشش کرے۔

چوتھی شرط یہ ہے کہ جس شخص کو کوئی دکھ پہنچایا ہو اس کے دکھ کا ازالہ کرنے کے علاوہ اس سے معافی طلب کرے۔

پانچویں شرط یہ ہے کہ جن لوگوں کو اس نے نقصان پہنچایا ہو ان سے مقدور بھر احسان کرے اور اگر کچھ نہیں کر سکتا۔ تو ان کے لئے دعا ہی کرے۔

چھٹی شرط یہ ہے کہ وہ اپنے دل میں آئندہ گناہ نہ کرنے کا پختہ عہد کرے اور فیصلہ کرے کہ اب میں کوئی گناہ نہیں کروں گا۔

ساتویں شرط یہ ہے کہ انسان اپنے نفس کو نیکی کی طرف رغبت دلانا شروع کر دے اور اپنے دل کو پاکیزہ بنانے کی کوشش کرے۔ تا کہ آئندہ ہر قسم کے نیک کاموں میں وہ دلی شوق سے حصہ لے سکے۔ یہ سات باتیں توبہ کے لئے ضروری ہیں۔ جب تک یہ تمام باتیں نہ پائی جائیں کوئی توبہ مکمل نہیں کہلا سکتی۔

(تفسیر کبیر جلد ششم ص 577 تا 579)

اگر گناہ کا تعلق کسی آدمی کے ساتھ ہے تو اس کے لئے چار شرطیں ہیں۔ پہلی (مندرجہ بالا مذکورہ) تین شرطوں کے ساتھ چوتھی شرط یہ ہے کہ متعلقہ آدمی کے حق سے براءت کا اظہار کرے، اگر کسی کا مال وغیرہ لیا ہے تو اس کو واپس کرے اگر تہمت کا معاملہ ہے تو اس کو حد لگانے کی گنجائش عطا کرے۔ یا اس سے معاف کرائے۔ اگر غیبت ہے تو اس سے معافی طلب کرے۔ نیز تمام گناہوں سے توبہ کرنا ضروری ہے۔ اگر بعض گناہوں سے توبہ کرے۔ تو توبہ قبول تو ہوگی لیکن بقیہ گناہوں سے توبہ کرنا اس کے ذمہ باقی رہے گا۔

قرآن کریم کتاب اللہ، سنت رسول اللہ ﷺ توبہ کے فرض ہونے پر شہادت دے رہے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے لوگو بارگاہ الٰہی میں توبہ کرو اور اس سے مغفرت طلب کرو۔ میں روزانہ سو بار توبہ کرتا ہوں۔ (صحیح مسلم)

عام لوگوں کا تو یہ حال ہے کہ

امید پہ توبہ کی گناہ کرتے ہیں عرشی
پھر عمر کی امید پہ توبہ نہیں کرتے

ایک فارسی شاعر کہتا ہے۔

بعزم توبہ سحر گفتم استخارہ کنم
بہار توبہ شکن میرسد چہ چارہ کنم

ترجمہ:۔ صبح سویرے استخارہ کرکے توبہ کا ارادہ کرتا ہوں۔ مگر توبہ توڑنے والی بہار آکر توبہ توڑ جاتی ہے۔ میں کیا کروں؟ (نوائے وقت 22 ستمبر 2005ء)

بخشش کی امید پر گناہوں میں مزید ملوث ہوتے چلے جانا اور زندگی کی امید پر توبہ کا لمحہ مؤخر کرتے چلے جانا کرۂ ارض پر بدترین چلن کی مثالیں قائم کرنے کے مترادف ہے۔

ایسے لوگوں کے بارہ میں اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔

(توبہ کا قبول کرنا) اللہ پر صرف ان (لوگوں) کے لئے (واجب) ہے جو جہالت سے بدی کے مرتکب ہوں۔ پھر جلد (ہی) توبہ کرلیں اور یہ لوگ ایسے ہیں کہ اللہ ان پر مہربانی کرتا ہے اور اللہ بہت جاننے والا (اور) حکمت والا ہے۔

اور توبہ (کے قبول ہونے کا حق) ان لوگوں کے لئے نہیں جو بدیاں کرتے (چلے جاتے) ہیں یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کے سامنے موت (کی گھڑی) آجاتی ہے تو کہتا ہے کہ میں نے اب یقیناً اب توبہ کرلی ہے اور نہ ان لوگوں کے لئے ہے جو کفر (ہی) کی حالت میں مرجاتے ہیں۔ یہ لوگ ایسے ہیں کہ ہم نے ان کے لئے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔ (سورۃ النساء آیت 19,18)

اسی لئے کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

در جوانی توبہ کردن شیوۂ پیغمبری
وقت پیری گرگ ظالم میشود پرہیزگار

حضرت خلیفۃ المسیح الاول توبہ سے متعلق معرفت کا نکتہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

قرآن کریم نے انسان کی فطرت کی سچی آرزو کے موافق رحیم و کریم تواب آقا پیش کیا ہے۔ تناسخ اور کفارہ کا بیہودہ مسئلہ توبہ کی فلاسفی کے نہ سمجھنے سے پیدا ہوا۔

بعض بیماریوں کو دیکھو بدی سے پیدا ہوتی ہیں اور جسمانی طور پر جب ان کا علاج کیا جاتا ہے تو وہ بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔

پس توبہ روحانی علاج ہے۔ روحانی بیماروں کا جسمانی سلسلہ سے کاش تم لوگ روحانی سلسلہ کو سمجھو۔

(حقائق الفرقان جلد دوم ص 308)

سچی توبہ سے متعلق معرفت کا نکتہ

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

سچی توبہ درحقیقت ایک موت ہے جو ایک انسان کے ناپاک جذبات پر آتی ہے اور ایک سچی قربانی ہے۔ جو انسان اپنے پورے صدق سے حضرت احدیت میں ادا کرتا ہے اور تمام قربانیاں جو رسم کے طور پر ہوتی ہیں اسی کا نمونہ ہے۔ سو جو لوگ حقیقی قربانی ادا کرتے ہیں جس کا نام دوسرے لفظوں میں توبہ ہے درحقیقت وہ اپنی سفلی زندگی پر ایک موت وارد کرتے ہیں۔ تب خدا تعالیٰ جو کریم و رحیم ہے اس موت کے عوض میں دوسرے جہاں میں ان کو نجات کی زندگی بخشتا ہے۔ کیونکہ اس کا کرم اور رحم اس بخل سے پاک ہے جو کسی انسان پر دو موتیں وارد کرے۔

سو انسان توبہ کی موت سے ہمیشہ کی زندگی خریدتا ہے اور ہم اس زندگی کے حاصل کرنے کے لئے کسی دوسرے کو پھانسی پر چڑھانے کے محتاج نہیں

یاد رہے توبہ کا لفظ نہایت لطیف اور روحانی معنی اپنے اندر رکھتا ہے جس کی غیر قوموں کو خبر نہیں یعنی توبہ کہتے ہیں اس رجوع کو کہ جب انسان تمام نفسانی جذبات کا مقابلہ کرکے اور اپنے اوپر ایک موت کو اختیار کرکے خدا تعالیٰ کی طرف چلا آتا ہے۔ سو یہ کچھ

باقی صفحہ 6 پر

مکرم نعیم احمد اقبال صاحب مربی سلسلہ

فجی کے خلافت احمدیہ جوبلی کے پروگرام

جلسہ ہائے یوم مصلح موعود

ویتی لیوو ریجن

جزیرہ ویتی لیوو ریجن کی جماعتوں کے خلافت جوبلی کی تقریبات کے سلسلہ کا پہلا پروگرام جلسہ پیشگوئی مصلح موعود مورخہ 24 فروری 2008ء کو بیت محمود ماروسینگاٹوکا میں منعقد ہوا۔ پروگرام کا آغاز محترم نعیم احمد محمود چیمہ امیر ومشنری انچارج کی زیرصدارت تلاوت قرآن کریم اور اردو ترجمہ سے ہوا۔ جلسہ میں ایک نظم کے علاوہ مقررین نے پیشگوئی حضرت مصلح موعود اور سیرت حضرت مصلح موعود کے متعلق تین تقاریر انگلش اور ایک اردو میں تقریر کی۔

اس موقع پر حاضرین کو پیشگوئی مصلح موعود اور آپ کے حالات زندگی پر سلائیڈز بھی دکھائی گئیں۔ آخر پر مکرم امیر صاحب نے اختتامی خطاب فرمایا اور دعا کروائی۔ اس کے بعد تمام حاضرین کی خدمت میں دوپہر کا کھانا پیش کیا گیا۔ اس موقعہ پر جماعتی کتابوں، لٹریچر اور فوٹوز کی نمائش لگائی گئی۔ کل حاضری 303 رہی۔ جس میں 82 مہمان شامل تھے۔

ونوالیوو ریجن

ونوالیوو ریجن کی جماعتوں کے خلافت جوبلی کی تقریبات کے سلسلہ کا پہلا پروگرام جلسہ پیشگوئی مصلح موعود مورخہ 9 فروری 2008ء کو بمقام ولووا میں منعقد ہوا۔

پروگرام کا آغاز مکرم نعیم احمد محمود صاحب چیمہ امیر ومشنری انچارج فجی کی زیرصدارت تلاوت قرآن مجید اور اس کے انگلش واردو ترجمہ سے ہوا۔ جلسہ میں تین نظموں کے علاوہ مقررین نے پیشگوئی مصلح موعود کا پس منظر۔ پیشگوئی حضرت مصلح موعود کی ذات میں اس پیشگوئی کا پورا ہونا کے موضوعات پر اردو میں اور حضرت مصلح موعود کے کارنامے پر انگلش میں تقاریر کیں۔ آخر پر مکرم امیر صاحب نے انگلش میں نہایت مؤثر طور پر پیشگوئی مصلح موعود کے مختلف پہلوؤں کے موضوع پر تقریر کی اور دعا کروائی۔

دعا کے بعد حاضرین میں ظہرانہ پیش کیا گیا۔ کھانے کے بعد نماز ظہر وعصر ادا کی گئیں۔ جلسہ کی کل حاضری 210 رہی۔ جس میں 45 مہمان تھے۔

جلسہ ہائے سیرۃ النبی ﷺ

ویتی لیوو

مورخہ 17 مارچ بروز پیر جماعت احمدیہ فجی نے جلسہ ہائے سیرۃ النبی ﷺ کو ملک میں دو وسیع پیمانے پر منعقد کرنے کی توفیق پائی۔ ایک جزیرہ ویتی لیوو میں اور دوسرا جزیرہ ونوالیوو میں۔ جزیرہ ویتی لیوو میں منعقد ہونے والا جلسہ سیرۃ النبی ﷺ فجی کے ہیڈکوارٹر صووا کی بیت فضل عمر میں بڑی شان وشوکت سے منایا گیا۔ بیت الذکر کو خوبصورت بینرز اور جھنڈیوں سے سجایا گیا۔ ریجن کے مختلف دور دراز علاقوں سے 225 کلومیٹر کی مسافت کر کے احباب جماعت مرد وزن جوش وجذبہ سے 3 بسوں میں سوار ہو کر تشریف لائے۔

مہمان خصوصی مکرم پریمش چند صاحب تھے جو کہ فجی کے وزیراعظم کے دفتر میں چیف آف ایگزیکٹو آفیسر کے عہدہ پر فائز ہیں۔ ان کے آنے پر مکرم مولانا فضل اللہ طارق صاحب امیر ومشنری انچارج نے لوائے احمدیت لہرایا اور فجی کے جھنڈے کو محترم مہمان خصوصی پریمش چند صاحب نے نعروں کی گونج میں بلند کیا۔ اس کے بعد محترم امیر صاحب نے دعا کروائی۔

جلسہ وقت مقررہ پر پروگرام کے مطابق تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوا۔ جس کے بعد نظم اور محترم صدر جماعت صووا نے استقبالیہ تقریر پیش کی اور دو تقاریر بعنوان آنحضرت ﷺ ایک مکمل رہنما کی حیثیت سے پیش کی گئیں۔ جو جماعت کے نیشنل سیکرٹری تربیت مکرم محمد صابر خان صاحب اور جنرل سیکرٹری مکرم اقبال خان صاحب نے پیش کیں۔ اس کے علاوہ آنحضرت ﷺ کی سیرت کے حوالے سے ایک ویڈیو فلم بھی MTA سے ریکارڈ شدہ پیش کی گئی۔ جس میں آنحضرت ﷺ کی زندگی کے مختلف واقعات کی تاریخ کو بیان کیا گیا تھا۔

آخر پر محترم مہمان خصوصی مکرم پریمش چند صاحب نے نہایت احسن رنگ میں آنحضرت ﷺ کی سیرت کو بیان کیا اور ساتھ ہی دین حق کی تعلیمات کو سراہتے ہوئے جماعت احمدیہ عالمگیر کی خدمات کو بیان کیا جو مختلف ممالک میں خصوصاً افریقہ جیسے غریب ممالک میں انسانی خدمات بجالاتے ہوئے سکولوں اور ہسپتال کی صورت میں سرانجام دے رہی ہے اور ساتھ ہی فجی میں احمدیہ جماعت کی خدمات کو سراہتے ہوئے بیان کیا کہ جماعت احمدیہ ملک کی ترقی ذاتی دلچسپی مشوروں اور خصوصاً تعلیم کے میدان میں سکول بنا کرادا کر رہی ہے۔ اس کے بعد محترم امیر ومشنری انچارج صاحب نے حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت عفوودرگزر کے موضوع پر تقریر کی۔ آخر پر تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور ان میں سے بعض کو جماعت کا لٹریچر تحفۃً پیش کیا اور اختتامی دعا کروائی۔ دعا کے بعد تمام مہمانوں کو نمائش دکھائی گئی۔ جو بیت الذکر کے ایک حصہ میں لگائی گئی تھی۔ جس میں عالمی جماعت احمدیہ کی مختلف ممالک میں خدمات کے پوسٹرز اور مختصر تعارف کی تاریخی تصاویر آویزاں تھیں۔ جلسہ کے اختتام پر تمام مہمانوں کو ظہرانہ پیش کیا گیا اور اس سارے جلسہ کے پروگرام کو National TV کے نمائندوں اور ملک کے 3 اخباروں نے فوٹو کے ساتھ ریکارڈ کیا۔ جس کی خبر اسی شام فجی کے نیشنل TV پر دکھائی گئی اور اگلے دن احسن رنگ میں اخبارات نے بھی کوریج دی۔

اس جلسہ میں حاضری 400 سے زائد رہی۔

جزیرہ ونوالیوو

مورخہ 14 مارچ کو خاکسار نے نسروانگا انڈین سکول پر سیرۃ النبی ﷺ کے حوالہ سے تقریر کی جس میں سکول کے بچے سٹاف ٹیچرز اور کچھ مہمانوں نے شرکت کی۔ اس موقعہ پر سکول میں پڑھنے والے احمدی وغیر احمدی بچے اور بچیوں نے تلاوت نظمیں اور تقاریر کیں۔ بعد میں بچوں میں ٹافیاں اور جوس تقسیم کیا گیا۔ کل حاضری 230 رہی۔

مورخہ 17 مارچ کو جزیرہ ونو الیوا کی تمام جماعتوں کا جلسہ سیرۃ النبی ﷺ بمقام احمدیہ سیکنڈری سکول ولووا پر منعقد ہوا۔ جلسہ سے پہلے سکول پروقار عمل کے ذریعہ تزئین وصفائی کی گئی اور سکول کو مختلف بینرز اور جھنڈیوں سے سجایا گیا۔ مکرم محمد نثار صاحب خان صدر مجلس انصاراللہ مجلس مہمان خصوصی تھے۔ جلسہ کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ تین نظموں کے علاوہ چار تقاریر ہوئیں۔ مقررین نے آنحضرت ﷺ کی زندگی کے مختلف پہلو اور ذات برکات کے دلنشیں واقعات کا ذکر کیا۔ دو تقاریر فیجئین زبان میں ایک انگلش میں اور ایک اردو میں ہوئی۔ دعا کے ساتھ جلسہ کا اختتام ہوا۔ جلسہ کے بعد تمام حاضرین میں ظہرانہ پیش کیا گیا۔ اس کے بعد نماز ظہر وعصر ادا کی گئیں۔ جلسہ کی کل حاضری تقریباً 350 رہی۔

جلسہ ہائے یوم مسیح موعود

ویتی لیوو ریجن

مورخہ 6/اپریل 2008ء کو بمقام بیت اقصیٰ ناندی میں 10:15 پر تلاوت قرآن کریم سے مکرم فضل اللہ طارق صاحب امیر ومشنری فجی کی صدارت میں شروع ہوا۔ جس کا انگلش فیجئین اور اردو ترجمہ بھی پیش کیا گیا۔ نظم کے علاوہ مقررین نے تعارف جلسہ صداقت حضرت مسیح موعود اور ایک ویڈیو فلم بھی دکھائی گئی۔ جس میں عقائد اور حالات وواقعات تفصیل سے بیان کئے گئے تھے۔ آخر پر مکرم امیر ومشنری انچارج صاحب فجی نے اپنے اختتامی خطاب میں حضرت مسیح موعود کے آنے کا مقصد اور ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی اور دعا کروائی۔

اس جلسہ کے اختتام پر ایک عیسائی پادری اور اس کی فیملی نے بیعت کر کے احمدیت میں داخل ہوئے۔ اس جلسہ میں 50 کے قریب غیر از جماعت احباب نے شمولیت اختیار کی اور یوں مجموعی حاضری 300 کے قریب رہی۔

پرائمری سکول لٹوکا

پرائمری سکول لٹوکا میں مورخہ 8/اپریل 2008ء کو سکول کے سٹاف کے تعاون سے ایک کامیاب جلسہ یوم مسیح موعود منعقد کیا۔ جس میں مکرم معلم جمال الدین صاحب کے تعاون سے پروگرام کے مطابق ہیڈ ماسٹر صاحب نے جلسہ کا تعارف کروایا اور اس کے بعد دو بچوں نے 23 مارچ یوم مسیح موعود اور حضرت مسیح موعود کی قبولیت دعا کے موضوع پر تقاریر کیں۔ اس پروگرام میں ایک ویڈیو فلم بھی دکھائی گئی جس میں عقائد اور حالات وواقعات تفصیل سے بیان کئے گئے تھے۔ جس کو طلباء اور اساتذہ نے بڑی دلچسپی سے دیکھا۔ پروگرام کے آخر پر مکرم مولانا طارق احمد رشید صاحب نے حضرت مسیح موعود کے دعویٰ اور بعثت کے مقصد کے بارے میں روشنی ڈالی اور آخر پر دعا کروائی اور بچوں میں جوس اور مٹھائی تقسیم کی گئی۔ اس جلسہ میں پروگرام کو تقریباً 365 طلباء وطالبات اور 22 کے قریب اساتذہ اور مہمانوں نے بڑی توجہ اور دلچسپی سے سنا۔

ناندی

مورخہ 27/اپریل 2008ء کو ریجنل جلسہ منعقد کرنے کے علاوہ ناندی جماعت کو علیحدہ ایک جلسہ یوم مسیح موعود منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

یہ جلسہ ناندی جماعت کی بیت اقصیٰ میں منعقد کیا گیا جس میں پروگرام کے مطابق تلاوت قرآن کریم اور کلام حضرت مسیح موعود پیش کرنے کے بعد صدر صاحب جماعت نے افتتاحی تقریر حضرت مسیح موعود کا عشق رسول ﷺ کے حوالے سے کی اور اس کے بعد 3 تقاریر مقامی احباب نے بعنوان پیشگوئی بابت حضرت مسیح موعود اور دعویٰ حضرت مسیح موعود اور صداقت حضرت مسیح موعود پر کیں۔ اس کے بعد ناصرات الاحمدیہ نے پردے کے پیچھے ایک گروپ نظم ظہور امام مہدی کے بارے میں پیش کی آخر پر مکرم مولانا طارق احمد رشید صاحب نے حضرت مسیح موعود کی آمد کا مقصد اور دس شرائط بیعت کے موضوع پر تقریر کی۔ اس میں 78 سے زائد حاضری رہی اور آخر پر دعا کے بعد نماز ظہر وعصر ادا کی گئیں۔

سیگاٹوکا ونوالیوو ریجن

مورخہ 13/اپریل 2008ء جزیرہ ونوالیوو ریجن کا جلسہ یوم مسیح موعود جماعت احمدیہ سیگانگا فجی میں منعقد ہوا۔

جلسہ سے ایک روز قبل ہی دور ونزدیک سے احمدی احباب سیگانگا پہنچنا شروع ہو گئے تھے جلسہ کا آغاز مکرم فضل اللہ صاحب طارق امیر ومشنری انچارج فجی کی زیرصدارت تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ جلسہ میں تین نظموں کے علاوہ کل چار تقاریر ہوئیں۔ ان تقاریر میں مقررین نے سیرت حضرت مسیح موعود، آپ کی صداقت اور 23 مارچ کے دن کی اہمیت کے موضوعات پر تقاریر کیں۔ آخر پر مکرم امیر صاحب نے

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 4 اپریل 2008ء کے حوالہ سے احباب جماعت کو اپنے اندر پاک تبدیلی پیدا کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ اور آخر پر دعا کروائی۔ دعا کے بعد نماز ظہر وعصر ادا کی گئیں۔ جس کے بعد حاضرین جلسہ کو ظہرانہ پیش کیا گیا۔ جلسہ کی کل حاضری 235 رہی جس میں 75 لجنہ وناصرات اور 15 مہمان شامل تھے۔

چونکہ ریجن کی سطح پر اس جماعت اور علاقہ میں یہ پہلا جلسہ تھا جس کا اللہ کے فضل سے غیر از جماعت احباب پر بہت اچھا اثر ہوا۔

پروگرام صد سالہ خلافت جوبلی 27 مئی 2008ء

جزائر فجی کی تمام جماعتوں میں 26، 27 مئی کو خلافت احمدیہ کے سو سال پورے ہونے پر مختلف پروگراموں اور تقاریب کے اہتمام کیا گیا اور ان تمام پروگراموں میں جماعت کے ہر ممبر نے بھرپور طور پر شرکت فرمائی۔ ملازمین اور سکول کے بچوں نے چھٹی لے کر ان پروگراموں میں شرکت کی۔ ان پروگراموں کی تفصیلات حسب ذیل ہیں۔

☆ فجی کے 14500 پوسٹ باکسز میں خلافت جوبلی کے موقعہ پر Centenary Khilafat Ahmadiyya Jubilee 2008 کے عنوان سے ایک پمفلٹ تیار کر کے تمام پوسٹ باکسز میں رکھا گیا۔ اس کے علاوہ بھی اس پمفلٹ کو غیر از جماعت احباب میں تقسیم کیا گیا۔

اخبار میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا پیغام

☆ فجی میں سب سے زیادہ پڑھے جانے والے اخبار Fiji Times میں خلافت جوبلی کے موقعہ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے پیغام کو چھپوایا گیا۔ یہ پیغام فجی ٹائم کی 5 جون کی اشاعت میں شامل تھا۔

☆ خلافت جوبلی کے موقعہ پر جماعت احمدیہ فجی کی طرف سے خلافت جوبلی کے مونوگرام کے ساتھ 700 کے قریب T-Shirts

☆ لجنہ اماء اللہ فجی کی طرف سے خلافت جوبلی کے مونوگرام کے ساتھ چادریں اور سکارف۔

☆ مجلس خدام الاحمدیہ فجی کی طرف سے خلافت جوبلی کے مونوگرام کے ساتھ چھتریاں آرگنائزر، یادگاری پلیٹس اور سٹیکرز بنوا کر بیچے یا تحفۃً تقسیم کئے گئے۔

مقابلہ مقالہ خلافت جوبلی بعنوان نظام خلافت

تمام تنظیموں کی طرف سے تحریری مقابلہ بعنوان خلافت کروایا گیا۔ مقالہ لکھنے والوں کی کل تعداد 47 رہی۔ خدام، انصار اور لجنہ کو اول، دوئم اور سوئم پوزیشن حاصل کرنے پر علی الترتیب 500، 300، 200 فیجئین ڈالرز کے انعامات اور اطفال وناصرات کو اول، دوئم اور سوئم پوزیشن حاصل کرنے پر علی الترتیب 250، 150، 100 کے انعامات بھی جلسہ سالانہ پر دیئے جائیں گے۔

آسٹریلیا احمدیہ فٹ بال ٹیم کا دورہ فجی

مجلس خدام الاحمدیہ آسٹریلیا نے خلافت جوبلی تقریبات کے سلسلہ میں فجی کا دو ہفتہ کا دورہ کیا اور فجی کے مختلف جزیروں پر جا کر خدام الاحمدیہ فجی کی مختلف فٹ بال ٹیموں کے ساتھ فٹ بال میچز کھیلے اس وفد میں آسٹریلیا کے کل 24 خدام شامل تھے اور آسٹریلیا کی ٹیم ناقابل شکست رہی اور خلافت جوبلی فٹ بال ٹورنامنٹ کی دو ٹرافیز جیتنے میں کامیاب رہی۔ خدام الاحمدیہ آسٹریلیا نے مختلف قسم کے تحائف فجی کے خدام واطفال اور غیر از جماعت دوستوں اور فجی کی تمام بیوت الذکر کو ضرورت کے مطابق مختلف چیزیں تحفۃً خرید کر دیں۔ جن کی مالیت 500 فیجئین ڈالرز تک تھی اور فجی کے خدام واطفال نے اپنے مہمانوں میں مختلف تحائف بانٹے جن میں خلافت جوبلی کی T-Shirts اور P Caps قابل ذکر ہیں۔

☆ فجی بھر کی جماعتوں میں 27 مئی کے دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ اور اس دن 60 بکروں کا صدقہ دیا گیا جن کو بعد میں مختلف جگہوں Old people Homes ہسپتالوں اور غرباء میں تقسیم کیا گیا۔

صووا ہیڈ کوارٹر

مورخہ 26 مئی کو وقار عمل کے ذریعہ بیت الذکر اور اس کے احاطہ کی صفائی اور تزئین وآرائش کی گئی۔ بیت اور اس کے احاطہ کو مختلف قسم کے بینرز اور جھنڈیوں سے سجایا گیا۔ اور اس کے احاطہ میں چراغاں کیا گیا۔ مورخہ 27 مئی کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ اس کے بعد خلافت کے موضوع پر درس ہوا۔ اس کے بعد فجی کے پرچم اور لوائے احمدیت کی تقریب پرچم کشائی ہوئی۔ اس موقعہ پر فضا میں غبارے بھی چھوڑے گئے۔ صدقہ کے 8 بکروں کا گوشت غرباء میں تقسیم کیا گیا۔ دو ریڈیو سٹیشن پر مکرم امیر صاحب اور مکرم نائب امیر صاحب کے انٹرویوز نشر ہوئے۔ نیشنل ٹی وی پر بیت الذکر کی تصویر کے ساتھ خلافت جوبلی تقریبات کی خبر نشر ہوئی۔ اس دن احباب جماعت کے کھانے کا انتظام بھی بیت الذکر میں تھا۔ تقریباً رات بھر جاگ کر احباب جماعت نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خلافت جوبلی کے موقعہ پر تاریخی خطاب MTA کے ذریعہ براہ راست سنا اور دیکھا اور بعدہ دعا میں شامل ہوئے۔

ویسٹرن ریجن مارو، لٹوکا، ناندی

تمام جماعتوں نے اپنی اپنی توفیق اور اخلاص و جذبہ کے بعد احمدیہ بیوت الذکر اور مشن ہاؤسز کو خوبصورت جھنڈیوں اور بینرز کے ساتھ چراغاں کرتے ہوئے سجایا۔ یہ عمل 24 مئی سے ہی شروع ہو گیا۔

ویسٹرن ریجن کی تمام بیوت الذکر میں اس بابرکت دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ اس کے بعد درس قرآن، درس حدیث اور درس ملفوظات مختلف احباب نے پیش کیا اور اس کے بعد دعائیں کرتے ہوئے اور نماز فجر کی ادائیگی کے ساتھ اس بابرکت دن کا آغاز کیا۔ جس کے بعد لوائے احمدیت لہرایا اور اجتماعی دعا ہوئی۔

3 جماعتوں میں 16 بکرے بطور صدقہ ذبح کئے گئے اور پھر ان کو غرباء میں تقسیم کیا گیا۔

تقریباً رات بھر جاگ کر احباب جماعت نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خلافت جوبلی کے موقعہ پر تاریخی خطاب MTA کے ذریعہ براہ راست سنا اور دیکھا اور تاریخی عہد کے دہرانے میں شامل ہوئے بعدہ دعا میں شامل ہوئے۔

مکمل فیجئین احباب پر مشتمل جماعت Nailanga کا دورہ کیا گیا۔ 29 مئی کی شام 200 کلومیٹر کا سفر کر کے مکرم مولانا طارق احمد رشید صاحب اور مکرم معلم جمال الدین صاحب وہاں پہنچے جہاں جماعت ممبران پہلے سے موجود تھے۔ نمازیں ادا کیں اور ان کو درس کے ذریعہ اس بابرکت دن کی اہمیت کے بارے میں بتایا اور مٹھائی تقسیم کی۔ ایک وڈیو فلم دکھائی جس میں سیدنا حضرت مسیح موعود کے دعویٰ اور جماعت کی مختصر تاریخ کا ذکر تھا۔ اس کے بعد ان کو جماعتی انتظام کے تحت کھانا پیش کیا گیا۔

ویسٹرن ریجن فجی

ویسٹرن ریجن کی جماعتوں کو اپنا جلسہ یوم خلافت مورخہ یکم جون کو تلک کالج لٹوکا کے ہال میں منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

600 سے زائد غیر از جماعت میں دعوت نامے تقسیم کئے گئے۔ تا زیادہ سے زیادہ صد سالہ خلافت جوبلی کی خبر سنائی جا سکے۔ چنانچہ اس جلسہ میں مہمان خصوصی منسٹر آف لیبر مکرم لیکھ رام وشنوئی صاحب سے رابطہ کیا گیا۔ وہ 2006ء میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دورہ فجی میں حضور اقدس سے مل چکے تھے اس لئے انہوں نے فوراً اس دعوت کو قبول کیا اور آنے کا وعدہ کیا اور جلسہ پر تشریف بھی لائے۔

یکم جون تلک ہال لٹوکا میں دور دراز 200 کلومیٹر اور 250 کلومیٹر کا سفر طے کر کے احباب جماعتوں بسوں کے ذریعہ جلسہ کے لئے پہنچے۔

پروگرام کے مطابق جلسہ کا آغاز معزز مہمان کی آمد پر تلاوت قرآن کریم سے ہوا اور اس کا انگلش ترجمہ بھی پیش کیا گیا۔ جس کے بعد کلام صاحبزادی امۃ القدوس صاحبہ پیش کیا گیا جس کے بعد تین تقاریر اور 2 نظمیں برکات خلافت پر پیش کی گئیں جس میں ہال بار بار اللہ تعالیٰ کی حمد وتکبیر کے نعروں سے گونجتا رہا۔ جس کو معزز مہمان نے ایک اور رنگ میں محسوس کیا جس کا ذکر انہوں نے اپنی تقریر میں کچھ یوں بیان کیا کہ ہم دنیا دار سیاسی لیڈر ہیں لیکن جو جماعت احمدیہ کے اندر خلافت کا نظام اور اس کی برکت اور پیار میں دیکھ رہا ہوں یہ خالصتاً خدا کا نظام ہے جس کی مثال ناممکن ہے اس کے ساتھ ہی انہوں نے اپنے مشاہدے اور علم کے مطابق اس بات کا بھی اظہار کیا کہ خلافت کے نظام کی برکت سے آج احمدیہ جماعت عالمگیر جو انسانی خدمت کے لئے کام کر رہی ہے۔ اس کی مثال وہ آپ ہے۔ تعلیم کا میدان ہو یا میڈیکل کا، خدمت خلق ہو انسانی ضرورت کی بنیاد پانی کی سہولت بلاتمیز مذہب وملت جماعت احمدیہ خدمت انسانیت میں مصروف ہے۔ آخر پر انہوں نے کہا کہ میری دعا ہے کہ یہ خلافت کا نظام آپ کی جماعت میں ہمیشہ قائم ودائم رہے اور آپ اسی طرح ترقی کرتے چلے جائیں اور اپنے ماٹو ''محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں'' پر قائم ہیں۔

آخر پر مکرم فضل اللہ صاحب طارق امیر ومشنری انچارج فجی نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا پیغام حاضرین کی خدمت میں پڑھ کر سنایا جو عالمگیر جماعت احمدیہ کے احباب کے نام حضور انور نے بھجوایا تھا۔ اختتامی دعا سے قبل محترم امیر صاحب نے قرآن کریم اور اسلامی اصول کی فلاسفی کا تحفہ معزز مہمان کی خدمت میں پیش کیا جس کو انہوں نے بڑے احترام کے ساتھ چومتے ہوئے اپنے ماتھے پر لگا کر قبول کیا۔

اس کے بعد ہال کے پچھلے حصہ میں لگائی گئی حضور انور کے دوروں پر مشتمل ایک فوٹو گرافک نمائش کا انتظام بھی تھا۔ جس سے احباب جماعت اور مہمانوں نے استفادہ کیا۔ معزز مہمان نے اس نمائش کو دیکھا ایک جگہ پر رک کر یوں ذکر کیا کہ چونکہ میں حضور انور سے پہلے مل چکا ہوں لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان کے چہرے پر ایک عجیب اور الگ چمک ہے اور ان کی آنکھوں میں جو روشنی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایک علیحدہ Holy Person ہیں اور جماعت کی خدمات کو پھر ایک بار سراہا جب انہوں نے ہومینیٹی فرسٹ کے فوٹو دیکھے۔ یوں یہ جلسہ اپنے اختتام کو پہنچا۔ جس میں ایک بک سٹال بھی تھا جس سے سینکڑوں احباب نے استفادہ کیا۔ جلسہ کی کل حاضری 400 کے قریب رہی جس میں 50 کے قریب غیر از جماعت شامل تھے۔

نادرن ریجن

اللہ تعالیٰ کے خاص فضل کے ساتھ خلافت جوبلی کی تقریبات کے سلسلہ میں جماعت ہائے احمدیہ ونوالیوو کی تمام جماعتوں نے 26 اور 27 دو دن بیت الذکر پر گزارنے کا پروگرام بنایا تھا۔ خلافت جوبلی کے اس پروگرام سے پہلے بیوت الذکر پر متعدد وقار عمل کئے۔ ان کے اردگرد کے ماحول کو صاف کیا مختلف قسم کی ڈیکوریشن سے سجایا۔ اور لائٹنگ بھی کی گئی۔ 26 مئی کی صبح سے ہی احباب جماعت نے پہنچنا شروع کر دیا تھا۔ نماز مغرب اور عشاء کے بعد خلافت کے موضوع پر درس ہوا۔ تمام بیوت پر احباب جماعت

کیلئے کھانے کا انتظام تھا۔ 27 مئی کا آغاز خدا کے حضور عاجزانہ دعائیں کرتے ہوئے نماز تہجد سے ہوا۔

لمباسہ جماعت میں نماز فجر کے بعد خلافت کے ہی موضوع پر درس ہوا۔ درس کے بعد تمام تنظیموں کے باری باری عہد دہرائے گئے۔ عہد دہرانے کے بعد تقریب پرچم کشائی ہوئی۔ خاکسار نے لوائے احمدیت اور مکرم شاہ محمد صاحب نے فجی کا جھنڈا فضا میں بلند کیا اور مربی صاحب نے اس موقع پر اجتماعی دعا کروائی۔ دعا کے بعد صدقہ کے 5 بکرے ذبح کئے گئے اور اسی طرح باقی جماعتوں میں بھی صدقہ کے چار چار بکرے ذبح کئے گئے اور پھر ان کا گوشت تقسیم کیا گیا۔ اسی دن مقامی طور پر خلافت کے موضوع پر جلسے ہوئے۔ نماز ظہر کے بعد احباب جماعت کو کھانا اور مٹھائی پیش کی گئی۔ جلسہ کے بعد تمام احباب جماعت کے گروپ فوٹوز بنائے گئے۔ مغرب کی نماز کے بعد چند احباب نے خلافت کے موضوع پر تقاریر پیش کیں۔ نماز عشاء کے بعد حاضرین میں کھانا پیش کیا گیا اور پھر اس پروگرام کے سب سے اہم اور تاریخی پروگرام جلسہ خلافت جوبلی لندن کا MTA پر انتظار ہونے لگا۔ اللہ کے فضل سے کافی احباب نے تقریباً رات بھر جاگ کر پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بروح القدس کا براہ راست خطاب دیکھا اور سنا اور حضور کے ساتھ عہد دہرایا اور دعا میں شامل ہوئے۔ جو اللہ تعالیٰ کے فضل سے احباب جماعت کے لئے بے شمار برکتوں اور ایمان کا موجب بنا۔ صبح 2 بجکر 30 منٹ پر اس پروگرام کے اختتام پر وہاں موجود تمام احباب جماعت نے باجماعت نماز تہجد ادا کی اور اس طرح دو روزہ خلافت جوبلی کا نہایت کامیاب اور بابرکت پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

حاضری لمباسہ 80 سیگا نگا 32 ولووا 45 نصروانگا 35

جلسہ یوم خلافت نادرن ریجن

